سوال

(194) شوال کے روزے کب شروع کریں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید الفطر کے مہینے میں جو چھ روزے رکھے جاتے ہیں تو عید الفطر کی دوسری تاریخ روزہ شروع کرے یا آنکہ اندر ماہ کے جب چاہے چھ روزہ رکھ لے؟۔ نیاز مند: حافظ عبد القادر مؤائمہ محلہ کوٹ ضلع الہ آباد

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عید الفطر کی دوسری تاریخ اس روزے کا شروع کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ اندر ماہ کے جب چاہے رکھ لے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ: محمد عبد اللہ (24/ذی القعدة 1330ھ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ فتاویٰ عبد اللہ غازی پوری

کتاب الصوم، صفحہ: 384

محدث فتویٰ